PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# جون تا اگست ۲۰۲۵ کے لیے متوقع موسمی صورتحال اور زرعی مشورے

## مختصر تعارف


پاکستان محکمہ موسمیات ہر ماہ کے آخر میں عالمی موسمیاتی ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے ماہانہ اور طویل مدتی موسمی پیشن گوئی جاری کرتا ہے۔ چونکہ عمومی طور پر محض ایک ماڈل اور ڈیٹاسیٹ کا نتیجہ طویل مدتی پیشین گوئی کے لیے قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا، اس لیے مزید اطمینان اور بہتری کے لیے مختلف اداروں کے تیار کردہ ماڈلز اور موسمی ریکارڈ کو مختلف شرائط کے ساتھ استعمال کیا جارہا ہے۔ فی الوقت تیرہ ماڈل سے اخذ کئے گئے مجموعی نتائج کو موسمی پیشین گوئیوں کے لیے اپنایا گیا ہے۔

## بارش کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال (جون تا اگست ۲۰۲۵)


متوقع بارش (جون تا اگست ۲۰۲۵)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (جون تا اگست ۲۰۲۵)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (جون ۲۰۲۵)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (جولائی ۲۰۲۵)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (اگست ۲۰۲۵)




آئندہ تین مہینوں (جون تا اگست ۲۰۲۵) کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بلخصوص شمال مشرقی وسطی پنجاب اور کشمیر میں معمول سے زیادہ بارش کی توقع ہے۔ جبکہ گلگت بلتستان اور خیبر پختونخواہ کے ملحقہ پہاڑی علاقوں میں معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے کم بارش ہونے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


## ماہانہ امکانات (بارش)

- جون ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے زیادہ تر علاقوں بشمول سندھ، بلوچستان اور پنجاب میں معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے زیادہ بارش متوقع ہے۔ تاہم خیبر پختونخواہ کے وسطی / شمالی علاقوں، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں معمول سے کم بارش کا امکان ہے۔
- جولائی ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بلخصوص شمال مشرقی پنجاب، کشمیر اور بلوچستان کے کچھ علاقوں میں معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے زیادہ بارش کا امکان ہے۔ تاہم گلگت بلتستان اور خیبر پختونخواہ کے ملحقہ علاقوں میں معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے کم بارش کی توقع ہے۔
- اگست ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے زیادہ تر علاقوں بلخصوص شمال مشرقی پنجاب میں معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے زیادہ بارش متوقع ہے۔ جبکہ گلگت بلتستان اور خیبر پختونخواہ کے ملحقہ علاقوں میں معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے کم بارش کا امکان ہے۔


Pitras Bukhari Road, Sector H-8/2, Post Box No. 1214, ISLAMABAD – PAKISTAN
Tel: 051-9250592, Fax: 051-9250368, Email: dirnamc@yahoo.com, URL: www.pmd.gov.pk

## درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال (جون تا اگست ۲۰۲۵)


متوقع درجہ حرارت (جون تا اگست ۲۰۲۵)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (جون تا اگست ۲۰۲۵)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (جون ۲۰۲۵)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (جولائی ۲۰۲۵)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اگست ۲۰۲۵)




ملک کے بیشتر حصوں خصوصاً خیبر پختونخواہ کے شمالی علاقوں، گلگت بلتستان اور کشمیر میں جون تا اگست ۲۰۲۵ کے دوران معمول سے زیادہ اوسط درجہ حرارت رہنے کا امکان ہے۔

### ماہانہ امکانات (درجہ حرارت)


- جون ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بلخصوص بالائی خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔
- جولائی ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے شمالی حصوں بشمول شمالی خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ تاہم پنجاب، سندھ اور مشرقی بلوچستان میں اوسط درجہ حرارت معمول کے مطابق رہنے کی توقع ہے۔
- اگست ۲۰۲۵ کے دوران، گلگت بلتستان اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔ تاہم پنجاب، سندھ اور مشرقی بلوچستان میں اوسط درجہ حرارت معمول کے مطابق رہنے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# اہم زرعی علاقوں کی متوقع موسمی صورتحال (جون تا اگست ۲۰۲۵)

## پوٹھوہار




خطہ پوٹھوہار میں جولائی ۲۰۲۵ کے دوران اچھی بارش متوقع ہے۔ جبکہ موسمی طرز کے مطابق اوسط درجہ حرارت بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

## وسطی پنجاب




وسطی پنجاب میں آئندہ تین مہینوں کے دوران بالخصوص جولائی ۲۰۲۵ میں اچھی مقدار میں بارش ہونے کی توقع ہے۔ تاہم اوسط درجہ حرارت موسمی طرز کے مطابق بتدریج کم رہنے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368





جنوبی پنجاب میں آئندہ تین مہینوں (جون تا اگست ۲۰۲۵) کے دوران بلخصوص جولائی ۲۰۲۵ میں مناسب مقدار میں بارش ہونے کی توقع ہے۔ اس مدت کے دوران اوسط درجہ حرارت موسمی رجحان کے مطابق بتدریج کم رہنے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی سندھ




بالائی سندھ میں جون تا اگست ۲۰۲۵ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت میں بدلتے موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کمی کا امکان ہے۔

## زیریں سندھ





زیریں سندھ میں بھی اس مدت کے دوران بلخصوص جولائی ۲۰۲۵ میں اچھی بارش کی توقع ہے۔ تاہم موسمی رجحان کے مطابق اوسط درجہ حرارت بتدریج کم ہونے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
National Agromet Center
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی خیبر پختونخواہ





بالائی خیبر پختونخواہ میں اگلے تین ماہ کے دوران بالخصوص جولائی ۲۰۲۵ میں اچھی مقدار میں بارشیں متوقع ہیں ۔ تاہم اوسط درجہ حرارت جولائی میں بڑھنے اور موسمی رجحان کے مطابق اگست میں پھر سے کم ہونے کا امکان ہے۔

## زیریں خیبر پختونخواہ




زیریں خیبر پختونخواہ میں اگلے تین ماہ کے دوران بالخصوص جولائی ۲۰۲۵ میں اچھی بارشیں متوقع ہیں۔ جس کے نتیجے میں اوسط درجہ حرارت جولائی میں بڑھنے اور موسمی رجحان کے مطابق اگست میں پھر سے کم ہونے کا امکان ہے۔

## شمال مشرقی بلوچستان




شمال مشرقی بلوچستان میں اس مدت کے دوران بلخصوص آخری دو مہینوں میں اچھی بارشیں متوقع ہیں۔ تاہم اوسط درجہ حرارت جولائی میں بڑھنے اور موسمی رجحان کے مطابق اگست میں پھر سے کم ہونے کا امکان ہے۔

## وسطی بلوچستان





وسطی بلوچستان میں اگلے تین مہینوں کے دوران بالخصوص جولائی ۲۰۲۵ میں اچھی بارشیں متوقع ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت میں موسمی رجحان کے مطابق بتدریج کمی کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## گلگت بلتستان




گلگت بلتستان میں مذکورہ مدت کے دوران مناسب مقدار میں بارش متوقع ہے۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت جولائی میں تھوڑا بڑھنے اور اس کے بعد موسمی رجحان کے مطابق اگست میں پھر سے کم ہونے کا امکان ہے۔

## آزاد کشمیر




وادیء کشمیر میں اگلے تین ماہ کے دوران اچھی بارشوں کی توقع ہے۔ تاہم اوسط درجہ حرارت جولائی میں تھوڑا بڑھنے اور اس کے بعد موسمی رجحان کے مطابق اگست میں پھر سے کم ہونے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## حالیہ موسم اور اگلے تین ماہ کی پیشگوئی کی بنیاد پر کسانوں کے لیے اہم سفارشات

ماہ جون کے دوران ملک کے زیادہ تر زرعی میدانوں میں گرمی کی لہر کے ساتھ دن کے درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہے جبکہ پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں بارش بھی معمول کے مطابق اوراس سے قدرے زیادہ رہی۔ اس دوران بالائی علاقوں اور شمالی بلوچستان میں کسانوں نے ربیع کی فصل بالخصوص گندم کی کٹائی / گہائی وغیرہ اپنے مقررہ وقت پر مکمل کی۔

اگلے تین مہینوں (جون سے اگست ۲۰۲۵) کے دوران موسمی درجہ حرارت میں اضافے کے علاوہ، ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص پنجاب کے بالائی علاقوں اور جنوبی سندھ میں معمول کے مطابق یا اس سے زیادہ مون سون بارشوں کا امکان ہے۔ ان بارشوں سے پانی کی کمی پوری کی جاسکتی ہے اور ملک کے بیشتر حصوں میں کھڑی فصلوں اور سبزیوں کی صحت مند نشوونما کے لیے مناسب نمی پیدا ہوسکتی ہے۔

اس سال مون سون کے دوران ملک کے مخصوص مقامات پر تیز ہواؤں / گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش کی توقع ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ کپاس، مونگ پھلی، کماد اور چنے کی فصلوں کی آبپاشی اور سپرے سے متعلق سرگرمیاں متوقع موسمی صورتحال کو مدِنظر رکھتے ہوئے طے کی جائیں۔